ماڈل پیپر "اسلامیات" (لازمی)

برائے سیکنڈری سکول پارٹ ۔ I (جماعت نہم)

حصہ معروضی

وقت: 20 منٹ — کل نمبر: 15

سوال نمبر 1۔ تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیئے ۔ ہر سوال کے 4 (چار) ممکنہ جواب A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے A، B، C یا D کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے ایک دائرے کو پین یا مارکر کی سیاہی سے بھر دیں۔

(i) یوم الفرقان سے کیا مراد ہے؟

(الف) حج کا دن (ب) جنگ خندق کا دن (ج) فتح مکہ کا دن (د) جنگ بدر کا دن

(ii) جہاد کے کیا معنی ہیں؟

(الف) دشمن سے لڑنا (ب) قبضہ کرنا (ج) قتل کرنا (د) کوشش کرنا

(iii) "تلقون" کے معنی ہیں۔

(الف) تم جانتے ہو (ب) تم چھپاتے ہو (ج) تم بھاگتے ہو (د) تم ڈالتے ہو

(iv) وضو کے فرائض ہیں۔

(الف) چار (ب) چھ (ج) آٹھ (د) دس

(v) "نعم العبد" قرار دیا گیا۔

(الف) حضرت یعقوب علیہ السلام کو (ب) حضرت ابراہیم علیہ السلام کو (ج) حضرت یوسف علیہ السلام کو (د) حضرت ایوب علیہ السلام کو

(vi) جنگ بدر کے موقع پر شیطان نے کافروں سے کہا کہ میں تمھارا ہوں۔

(الف) رفیق (ب) سردار (ج) خادم (د) ہمدرد

(vii) "غارمین" کے معنی ہیں۔

(الف) قرض دار (ب) غلام (ج) مسافر (د) ابن السبیل

(viii) "اشفقن" کے معنی ہیں۔

(الف) آبرو والے (ب) ڈر گئے (ج) صلح کرنے والے (د) نیکی کرنے والے

(ix) اے نبی ﷺ مومنوں کو ترغیب دیں۔

(الف) تلاوت کی (ب) جہاد کی (ج) عبادت کی (د) خدمت کی

(x) زکوۃ ادا کرنے سے مال۔

(الف) بڑھ جاتا ہے (ب) کم ہو جاتا ہے (ج) دوگنا ہو جاتا ہے (د) چار گنا ہو جاتا ہے۔

(xi) قرآن نے زکوۃ کے مصارف بیان کئے ہیں۔

(الف) چار (ب) چھ (ج) آٹھ (د) دس

(xii) حضرت زید کا ذکر کس سورت میں آیا ہے۔

(الف) سورہ بقرہ (ب) سورہ احزاب (ج) سورہ انفال (د) سورہ الممتحنہ

(xiii) "الممتحنه" کا مطلب ہے۔

(الف) سیدھا راستہ (ب) بے نیاز (ج) بہترین نمونہ (د) امتحان لیا گیا

(xiv) اللہ سے ڈرتے ہیں۔

(الف) علم والے (ب) عبادت گزار (ج) مجاہدین (د) مظلوم

(xv) حضرت موسیٰ علیہ السلام اللہ کے نزدیک تھے۔

(الف) نیک (ب) عزیز (ج) آبرو والے (د) شریف

ماڈل پیپر "اسلامیات" (لازمی)

برائے سیکنڈری سکول پارٹ۔I (جماعت نہم)

حصہ انشائی

کل نمبر:60 — وقت:2:10 گھنٹے

نوٹ: سوال نمبر 2، 3 اور 4 میں سے کوئی سے 18 (اٹھارہ) مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ جواب تحریر کرتے وقت سوال کا نمبر ضرور تحریر کریں۔

حصہ اول

سوال نمبر 2۔ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ 18x2=36

(i) شر الدوآب سے کیا مراد ہے۔

(ii) واعلموان الله یحول بین المر و قلبه کا ترجمہ لکھیں۔

(iii) واذ یمکر بك الذین کفروا میں کس واقع کی طرف اشارہ ہے؟

(iv) مال غنیمت کی تقسیم کے بارے میں پہلا اور دوسرا حکم کیا تھا؟

(v) غزوہ بدر میں مسلمانوں کی نصرت کے لئے نازل ہونے والے فرشتوں کو دیکھ کر شیطان کا ردعمل کیا تھا؟

(vi) اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو جہاد پر ابھارنے کے لیے کیا ترغیب دی۔

(vii) سورہ الاحزاب میں منہ بولے بیٹوں کے بارے میں کیا ہدایات دی گئی ہیں؟

(viii) فمنهم من قضی نحبه ومنهم من ینتظر کا مفہوم بیان کریں۔

(ix) اللہ تعالیٰ نے ازواج النبی ﷺ کو کن دو باتوں میں سے کسی ایک کو اختیار کرنے کے بارے میں کیا فرمایا؟

سوال نمبر 3۔ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

(i) اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے فیصلوں کے بارے میں اہل ایمان کا طرز عمل کیا ہونا چاہیے؟

(ii) ما کان محمد اباا احد من رجا لکم ولکن رسول الله و خاتم النبین کا ترجمہ لکھیں۔

(iii) لم تطوھا اور ربوا کے معنی لکھیں

(iv) فضیلت والا عمل اور فضیلت والی دعا کی وضاحت بیان کریں۔

(v) حدیث کی روشنی میں وضاحت کریں اہل ایمان کے لیے علم حاصل کرنا کیوں فرض قرار دیا گیا ہے۔

(vi) خیرو کم من تعلم القرآن و علمه کا مفہوم لکھیں۔

(vii) رسول اکرم ﷺ کے فرمان کی روشنی میں وہ چار اعمال تحریر کریں جو ایمان کی تکمیل کا باعث ہوتے ہیں۔

(viii) اذا قلت لصاحبك یوم الجمعه انصتْ والا مام یخطب فقد لغوت کا ترجمہ لکھیں۔

(ix) خطبہ جمعہ کے دوران میں لوگوں کی گردنوں پر سے پھلانگنے سے کیوں منع کیا گیا ہے۔

سوال نمبر 4- مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

(i) ذمہ داریوں کی جوابدہی کے بارے میں حدیث نبوی تحریر کریں۔

(ii) اذا قیمت الصلوہ فلاتا تو ھا تسعون واتو ھا تمشون وعلیکم السکینہ وما ادر کتم فصلو وما فاتکم فاتمو کا ترجمہ لکھیں۔

(iii) لفظ " مھیمن " کی وضاحت کریں۔

(iv) قرآن مجید کی حفاظت کے بارے میں ایک قرآنی آیت مع ترجمہ لکھیں۔

(v) غسل کے فرائض لکھیں۔

(vi) سورہ توبہ کی روشنی میں مصارف زکواۃ تحریر کریں

(vii) شکر ادا کرنے کے طریقے بتائیے۔

(viii) شوہر کی عدم موجودگی میں بیوی پر کیا فرض ہے۔

حصہ دوم

سوال نمبر 5- درج ذیل آیات میں سے صرف دو کا ترجمہ کریں۔ 6 + 6 = 12

(الف) یآیھا الذین امنوا اذا لقیتم الذین کفروا زحفا فلا تولوھم الادبارہ ومن یولھم یومئذ د برہ الا متحر فالقتال او متحیزا الی فئتہ فقد بآء بغضب من اللہ وما وہ جھنم وبئس المصیرہ

(ب) اذ جآ ء و کم من فوقکم ومن اسفل منکم و اذ زاغت الابصار وبلغت القلوب الحناجر و تظنون باللہ الظنوناہ

(ج) وان فاتکم شی من ازواجکم الی الکفار فعاقبتم فاتو ا الذین ذھبت ازواجھم مثل ما انفقوا واتقو اللہ الذی انتم بہ مومنون

سوال نمبر 6۔ درج ذیل حدیث کا ترجمہ اور مختصر تشریح لکھیں۔ 2+3 = 5

من اغبرت قدماہ فی سبیل اللہ حرمہ اللہ علی النار

سوال نمبر 7- طہارت کا معنی ومفہوم بیان کریں۔ نیز پاکیزگی حاصل کرنے کے طریقے تفصیل سے لکھیں۔ 7

یا

عائلی زندگی سے کیا مراد ہے ۔ زوجین کے حقوق وفرائض بیان کریں۔